Pre-Board Examination,February 2018

Sub:URDU L2

Class:X M.Marks:80

Date: Time:3 Hrs.

نوٹ:۔ ا۔یہ سوالنامہ سترہ سوالات اور چھ صفحات پر مشتمل ہے۔ ۲۔تمام سوالات لازمی ہیں۔

۳۔سوالوں کے جواب ترتیب وار دیجئے اور صفائی وخوشخطی کا خاص خیال رکھیے۔

## حصہ(الف):عبارت فہمی اور شعر فہمی (Unseen Passage&Poem)

سوال نمبر ا۔درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ ۵

انسان ایک سماجی حیوان ہے۔وہ تنہا نہیں رہ سکتا اور نہ ہی تنہائی زندگی گزارنا پسند کرتا ہے۔اس کی زندگی دوسروں سے میل جول رکھنے پر چلتی ہے۔وہ اجتماعی زندگی گزارنے کا عادی ہے۔ماں،باپ،بھائی،بہن،رشتہ دار اور پھر سماج سے اس کا تعلق جڑتا ہے۔ہر ایک کی رفاقت اسے حاصل رہتی ہے اور سب مل کر اس کے جسم وروح اور دل ودماغ پر اثر ڈالتے ہیں۔وہ ماحول کا اثر قبول کرتا ہے۔وہ اپنے گردوپیش سے بے خبر نہیں رہ سکتا۔اگر اس کا ماحول صاف ستھرا اور نیک ہوگا تو وہ بھی صاف ستھرا اور نیک بنے گا۔اس کی مثال اس ہوا کی طرح ہے کہ وہ جہاں سے گزرتی ہے ویسی ہی ہو جاتی ہے۔کتاب کی تعلیم اور زبانی نصیحتیں بھی اتنا اثر نہیں کرتیں جتنا ایک اچھا ماحول اس پر اثر ڈالتا ہے۔

سوالات:

ا۔انسان کیا ہے؟

الف۔سیاسی حیوان ب۔سماجی حیوان ج۔معاشی حیوان د۔کتابی حیوان

۲۔انسان کس طرح کی زندگی گزارنے کا عادی ہے؟

الف۔الگ تھلگ زندگی گزارنے کا ب۔اجتماعی زندگی گزارنے کا

ج۔تنہا زندگی گزارنے کا د۔نیک زندگی گزارنے کا

۳۔انسان کا کس چیز سے مثال دی گئی ہے؟

الف۔سونے سے ب۔پانی سے ج۔ہوا سے د۔مٹی سے

۴۔انسان پر کس چیز کا اثر سب سے زیادہ پڑتا ہے؟

الف۔ والدین کا　　ب۔ دوستوں کا　　ج۔ رشتے داروں کا　　د۔ اچھے ماحول کا

۵۔ جملہ مکمل کیجئے: اگر اس کا ماحول صاف ستھرا اور نیک ہوگا تو۔۔۔۔۔۔

الف۔ اچھا اور بہتر انسان بنے گا　　ب۔ وہ بھی صاف ستھرا اور نیک بنے گا

ج۔ نیک اور خوبصورت بنے گا　　ج۔ خوبصورت اور خوب سیرت بنے گا

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل (غیر درسی) شعری اقتباس کو پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھئے۔ ۵

جینے کی ہر طرح سے تمنا حسین ہے　　ہر شر کے باوجود یہ دنیا حسین ہے
دریا کی تند باڑھ بھیانک سہی مگر　　طوفاں سے کھیلتا ہوا تنکا حسین ہے
صحرا کا ہر سکوت ڈراتا ہے تو کیا　　جنگل کو کاٹتا ہوا رستہ حسین ہے
دل کو ہلائے لاکھ گھٹاؤں کی گھن گرج　　مٹی پہ جو گرا ہے وہ قطرہ حسین ہے

سوالات:

۱۔ کس چیز کی تمنا حسین ہے؟

الف۔ جینے کی　　ب۔ مرنے کی　　ج۔ کھانے کی　　د۔ کھیلنے کی

۲۔ کس کی تند باڑھ بھیانک ہے؟

الف۔ جنگل کی　　ب۔ دریا کی　　ج۔ طوفان کی　　د۔ بارش کی

۳۔ کس کا ہر سکوت ڈراتا ہے؟

الف۔ جنگل کا　　ب۔ سمندر کا　　ج۔ صحرا کا　　د۔ آندھی کا

۴۔ کون سا رستہ حسین ہے؟

الف۔ سمندر کو کاٹتا ہوا　　ب۔ دریا کو کاٹتا ہوا　　ج۔ پہاڑ کو کاٹتا ہوا　　د۔ جنگل کو کاٹتا ہوا

۵۔ مٹی پہ کیا گرا ہے؟

الف۔ پانی　　ب۔ بوند　　ج۔ شبنم　　د۔ قطرہ

## حصہ (ب): تحریری مہارت Writing skill

سوال نمبر ۳۔ محکمہ تعلیم کے افسر اعلیٰ کے نام درخواست لکھ کر انھیں اسکول میں درسی کتابیں نہ ہونے کے بارے میں بتائیے، اور کتابیں فراہم کی درخواست کیجئے۔ ۵

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی مصروفیات کے بارے میں بتائیے۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ ۱۰

۱۔ انٹرنٹ کے فائدے اور نقصانات ۲۔ یوم آزادی ۳۔ میرا پسندیدہ کھیل ۴۔ مطالعہ کے فائدے

## حصہ (ج): عملی قواعد Grammar

سوال نمبر۵۔ (i) اس جملے پر غور کیجیے "ہم کل نمائش دیکھنے گئے تھے" ۲

زمانے کے لحاظ سے اس میں فعل کی کون سی قسم؟ اس کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔

(ii) زمانہ حال کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ ۲

سوال نمبر۶۔ درج ذیل جملوں میں فعل تلاش کر کے لکھیے۔ ۴

۱۔ میرے اردگرد کچھ لوگ جمع تھے۔

۲۔ اکبر پانی پی رہا ہے۔

۳۔ میں کل دلی جاؤں گا۔

۴۔ آج بارش ہو رہی ہے۔

سوال نمبر۷۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔ ۳

۱۔ موجود ۲۔ شمال ۳۔ امن ۴۔ خوش حالی ۵۔ جنت ۶۔ بہادر

سوال نمبر۸۔ درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیے۔ ۳

۱۔ افعال ۲۔ اطلاع ۳۔ افواج ۴۔ ذخیرہ ۵۔ مضامین ۶۔ عدد

سوال نمبر۹۔ درج ذیل الفاظ کے مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھیے۔ ۳

۱۔ شہزادہ ۲۔ ملکہ ۳۔ راجا ۴۔ دھوبن ۵۔ ماموں ۶۔ خادمہ

سوال نمبر۱۰۔ (i) سابقہ 'ان' جوڑ کر دو الفاظ بنائیے۔ ۱

(ii) لاحقہ 'مند' جوڑ کر دو الفاظ بنائیے۔ ۱

سوال نمبر۱۱۔ درج ذیل الفاظ/محاوروں میں سے چار (۴) کے جملے بنائیے۔ ۴

۱۔ بہادر ۲۔ بھیس بدلنا ۳۔ وقفہ ۴۔ پاؤں اکھڑنا ۵۔ اخبار نویس

۶۔ ڈھارس بندھنا

## حصہ (د): ادب Literature

سوال نمبر۱۲۔ درج ذیل (درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی

کیجئے۔ ۷

" ایک بار اونتی کسی دوست کی بارات میں گیا۔بارات والوں کو بہت اچھا کھانا کھلایا گیا۔اونتی نے بھی خوب ڈٹ کر کھایا۔کھانا کھاتے وقت اس نے دیکھا کہ ایک مہمان مٹھائیاں صرف کھا ہی نہیں رہا ہے بلکہ جیب میں بھی بھرتا جارہا ہے اونتی بھلا ایسے موقع پر کب چوکنے والا تھا۔وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور چائے کی کیتلی اٹھا کر اس مہمان کی جیب میں انڈیلنے لگا، تو وہ ناراض ہو کر بولے "یہ کیا بدتمیزی ہے؟" چائے انڈیلتے انڈیلتے اونتی نے بھولے پن سے جواب دیا: "بھائی میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا رہا ہوں۔آپ کی جیب نے بہت ساری مٹھائیاں کھائی ہیں اس لئے اسے پیاس لگی ہے۔میں اسے چائے پلا رہا ہوں۔"

سوالات:

۱۔" اونتی" کس زبان کی کہانی کا ترجمہ ہے؟

الف۔چینی ب۔جاپانی ج۔انگریزی د۔ہندی

۲۔ " کیا بدتمیزی ہے " کس نے کہا؟

الف۔مہمان نے ب۔میزبان نے ج۔اونتی نے د۔کسی دیکھنے والے نے

۳۔بارات کس موقع پر جاتی ہے؟

الف۔کسی تہوار کے موقع پر ب۔موت پر ج۔شادی پر د۔کسی کی پیدائش پر

۴۔مہمان مٹھائیاں کھانے کے ساتھ اور کیا کر رہا تھا؟

الف۔تھیلے میں بھر رہا تھا ب۔پھینک رہا تھا ج۔جیب میں بھر رہا تھا د۔بچے کو کھلا رہا تھا

۵۔اونتی نے کیا کیا؟

الف۔مہمان کی جیب میں چائے انڈیلنے لگا ب۔مہمان سے جھگڑنے لگا

ج۔مہمان کو کھلانے لگا د۔مہمان کی جیب میں مٹھائی ڈالنے لگا

۶۔کس نے کہا؟"بھائی میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا رہا ہوں"

الف۔میزبان نے ب۔مہمان نے ج۔اونتی نے د۔دیکھنے والے نے

۷۔اونتی کہاں گیا تھا؟

الف۔دوست کی بارات میں ب۔سالگرہ کی پارٹی میں ج۔سیر کرنے د۔لائبریری میں

سوال نمبر ۱۳۔درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ ۶

۱۔قول کا پاس ۲۔آدمی کی کہانی ۳۔رضیہ سلطان

سوال نمبر۱۴۔درج ذیل میں سے صرف دوسوالوں کے جواب لکھئے؟

۱۔انٹرنٹ سے طلبا کو کیا فائدے ہیں؟

۲۔آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟

۳۔چندو کے بارے میں بندو کے ذہن میں کیا خیال آیا؟

۴۔آنکھوں کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

سوال نمبر۱۵۔درج ذیل (درسی) شعری اقتباس کو پڑھئے اوراس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوبات میں سے صحیح جواب لکھئے۔ ۵

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں　　کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ　　زندگی میتوں پہ روتی ہے
جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے　　جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اورخون آج بخشے گی　　بھوک اوراحتیاج کل دے گی

سوالات:

۱۔اس بند کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔علامہ اقبال　　ب۔بشر نواز　　ج۔ساحرلدھیانوی　　د۔نظیرا کبرآبادی

۲۔اس نظم کا عنوان ہے:

الف۔اے شریف انسانو!　　ب۔پہاڑ اور گلہری　　ج۔قدم بڑھاؤ دوستو　　د۔نیکی اور بدی

۳۔ٹینک کے آگے بڑھنے سے کیا ہوتا ہے؟

الف۔گولی چلتی ہے　　ب۔سفر جلدی طے ہوتا ہے

ج۔دھرتی کی کوکھ بانجھ ہوتی ہے　　د۔دشمن بھاگ جاتے ہیں

۴۔احتیاج کے معنی ہیں:

الف۔روٹی　　ب۔ضرورت　　ج۔فرصت　　د۔لڑائی

۵۔یہاں جنگ کیا ہے؟

الف۔مسئلے کا حل　　ب۔خود ایک مسئلہ　　ج۔دھوکہ ہے　　د۔بہادری ہے

سوال نمبر۱۶۔درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھئے۔ ۶

۱۔اے شریف انسانو　　۲۔نیکی اور بدی　　۳۔پہاڑ اور گلہری

سوال نمبر ۷ا۔ درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب لکھئے۔

ا۔ نظم "قدم بڑھاؤ دوستو!" کے ذریعے شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

۲۔ پہاڑ اور غار کو نگاہ میں نہ لانے کا کیا مطلب ہے؟

۳۔ پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا ہے؟

۴۔ اس شعر کا مفہوم بیان کیجئے۔

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆